سوال

(308)ڈراونے خواب

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں اٹھارہ سال کی ایک لڑکی ہوں اورالحمد للہ میری زندگی پاک ہے اورمیں دینی احکام کی پابندی کرتی ہوں لیکن میں خواب بہت دیکھتی ہوں اورمیرے اکثر خواب ڈراونے ہوتے ہیں اورچند دنوں کے بعد ہی ان کی تعبیر بھی روزروشن کی طرح سامنے آجاتی ہے کہ میرے خاندان پر آلام ومصائب نازل ہونا شروع ہوجاتے ہیں ۔ میں خواب دیکھنے کے بعد گھر والوں کو بتا بھی دیتی ہوں تاکہ وہ اللہ تعالی سے پناہ چاہیں ،امید ہے کہ آپ میری رہنمائی فرمائیں گے ،جس سے ہمیں ان مصائب سے نجات حاصل ہوجائے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حکم شریعت یہ ہے کہ جو شخص ڈراونا خواب دیکھے ،وہ بیدار ہونے کے بعد تین بار اپنے بائیں طرف تھوک دے ،شیطان سے اللہ تعالی کی پناہ چاہے جو اس نے براخواب دیکھا ہے ،اس کے شر سے بھی اللہ تعالی کی پناہ چاہے اورپہلوبدل لے تویہ براخواب اسے کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا اورکسی کو اس خواب کے بارے میں بتائے بھی نہیں کیونکہ نبی کریم ﷺ نے براخواب دیکھنے والے کو یہی باتیں سکھائی ہیں جو ہم نے ذکر کی ہیں اوراگر اچھا خواب دیکھے تواللہ تعالی کی حمد وثنا بیان کرے اوران لوگوں کو بتادے جن سے اسے محبت ہو،چنانچہ رسول اللہ ﷺ کی صحیح حدیث سے اسی طرح ثابت ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مقالات وفتاویٰ

ص423

محدث فتویٰ